**20.02.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. نیتیکا تیاگی

**Music**

------------------------------

- ☆ بھارت آج نئی دلّی میں، AI امپیکٹ سمٹ 2026 سے الگ Pax Silica اعلامیے میں باقائدہ طور پر شریک ہوگیا ہے۔
- ☆ الیکٹرانکس اور IT کے وزیر اشونی ویشنو نے، اعلامیے پر دستخط کیے جانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کا مقصد، سیمی کنڈکٹر اور الیکٹرانکس صنعتوں میں قائدانہ رول حاصل کرنا ہے۔
- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں سیوا تیرتھ میں، AI اور ڈیپ ٹیک اسٹارٹ اپس کے CEOs کے ساتھ گول میز میٹنگ کی۔
- ☆ اور ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں کل شام سری لنکا میں گروپ-B کے آخری میچ میں آسٹریلیا کا مقابلہ عُمان سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

### Pax Silica India

بھارت اور امریکہ نے آج نئی دلّی میں India AI Impact Summit میں Pax Silica اعلامیے پر دستخط کیے ہیں۔ اس اعلامیے کے ذریعے اہم معدنیات اور سیمی کنڈکٹرس کی تیاری نیز ایک محفوظ اور مضبوط عالمی Silicon اور ٹکنالوجی ایکو نظام قائم کرنے کی خاطر تیزی کے ساتھ اُبھرتے ہوئے مصنوعی ذہانت کے شعبے جیسے مختلف میدانوں میں اشتراک کو مستحکم بنایا جا سکے گا۔

دستخط کیے جانے کی تقریب کی صدارت کرتے ہوئے الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ بھارت کا مقصد سیمی کنڈکٹر اور الیکٹرانکس کی صنعت میں سرکردہ رول ادا کرنا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت کے باصلاحیت انجینئر سب سے پیچیدہ اور جدید طرز کے دو Nanometer Chips کا ڈیزائن تیار کر رہے ہیں۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ سیمی کنڈکٹر صنعت کو 10 لاکھ سے زیادہ باصلاحیت افراد کے Pool کی ضرورت ہے اور اسے ملک کے اندر ہی پورا کیا جائے گا۔ جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ 315 یونیورسٹیوں اور کالجوں کے طلبا Chips ڈیزائن کر رہے ہیں۔

دستخط کیے جانے کی تقریب میں بھارت میں امریکہ کے سفیر Sergio Gor نے کہا کہ تجارتی سمجھوتے سے لے کر Pax

Silica اور دفاعی اشتراک تک، بھارت اور امریکہ کیلئے ملکر کام کرنے کے امکانات درحقیقت لامحدود ہیں۔
انہوں نے کہا کہ 21 ویں صدی کے اقتصادی اور ٹیکنالوجیکل نظام کو تشکیل دینے کیلئے ایک اتحاد قائم کیا جارہا ہے۔×

## Vaishnaw - Pax Silica

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ Pax Silica اعلانیہ، جس پر آج بھارت اور امریکہ نے دستخط کیے ہیں، سیمی کنڈکٹر سپلائی چین، سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ اور چپ ڈیزائننگ کیلئے بہت اہم ہے۔
نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس سلسلے میں ایک اتحاد، بھارت میں پورے سیمی کنڈکٹر ایکونظام قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا، جس سے الیکٹرانکس کے شعبے کو فائدہ ہوگا۔
جناب ویشنو نے خاص طور پر کہا کہ آج دنیا بھارت پر، اِس کی قابل اعتبار غیرملکی پالیسی اور بڑے پیمانے پر صلاحیت پائے جانے کی وجہ سے بھروسہ کرتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت کا پہلا سیمی کنڈکٹر پلانٹ بہت جلد تجارتی پیداوار شروع کردے گا۔×

## Helberg - Pax Silica

بھارت اور امریکہ کے درمیان، Pax Silica اعلامیے پر دستخط کیے جانے کی تقریب میں، امریکہ کے اقتصادی امور کے سکریٹری آف اسٹیٹ Jacob Helberg نے کہا کہ اِس معاہدے سے اختراع اور شراکت داری کے ذریعے مستقبل کی تعمیر کے تئیں ایک مشترکہ عزم کی نمائندگی ہوتی ہے۔
اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے میدان میں بھارت-امریکہ کے درمیان، بڑھتی ہوئی شراکت داری کا ذکر کرتے ہوئے جناب Helberg نے کہا کہ دونوں ملک، مصنوعی ذہانت کے تئیں اختراع پر مبنی نظریے کا اعادہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس شراکت داری کا مقصد اُن کوششوں کا مقابلہ کرنا ہے، جو ٹیکنالوجی کی ترقی اور کھلے اور سب کیلئے اختراعی ایکونظام کو فروغ دینے کی راہ میں رکاوٹیں بنتی ہیں۔
جناب Helberg نے کہا کہ یہ دستاویز محض کاغذ پر لکھا ہوا کوئی معاہدہ نہیں ہے، بلکہ یہ مشترک مستقبل کا خاکہ ہے۔×

## Pichai - Pax Silica

گوگل اور ایلفابیٹ کے CEO سندر پچائی نے آج کہا ہے کہ گوگل کو، بھارت اور امریکہ کے درمیان ایک رابطے کے طور پر خدمات انجام دینے پر فخر ہے۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں AI امپیکٹ سمٹ میں بھارت اور امریکہ کے درمیان، Pax Silica اعلانیے پر دستخط کیے جانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب پچائی نے کہا کہ بھارت-امریکہ شراکت داری کا، سب کی شمولیت والے اور یکسر تبدیلی لانے والے AI اور مستقبل کو شکل دینے میں ایک اہم رول ہے۔ انہوں نے دونوں ملکوں کے، مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ AI کے فائدے ہر ایک کیلئے اور ہر جگہ دستیاب ہوں۔
بھارت کے ٹیکنالوجی کے سفر پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک، AI کے میدان میں غیر معمولی پیشرفت کیلئے تیار ہے۔×

## PM Startup Roundtable

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں سیوا تیرتھ میں AI اور ڈیپ ٹیک اسٹارٹ اپس کے CEOs کے ساتھ ایک راؤنڈ

ٹیبل میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران، وزیر اعظم نے زراعت، ماحولیاتی تحفظ اور مادری زبان میں اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے جیسے مختلف شعبوں میں، AI ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا۔

جناب مودی نے مضبوط ڈیٹا حکمرانی کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے گمراہ کن معلومات کے تئیں خبردار کیا اور بھارت کی ضرورتوں کے مطابق، طریقۂ کار تیار کرنے پر زور دیا۔

ایک سہولت آمیز اور فروغ حاصل کرتی ہوئی ڈیجیٹل اختراع کے طور پر UPI کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بھارتی کمپنیوں پر اعتماد کا اظہار کیا اور گھریلو مصنوعات پر اعتبار کرنے کی حوصلہ افزائی کی۔

انہوں نے خلا کے شعبے میں پرائیویٹ شراکت داری کو توسیع دینے پر بھی اظہار خیال کیا اور بھارت کی اسٹارٹ اپس میں سرمایہ کاروں کے مضبوط مفاد کا ذکر کیا۔

AI اور ڈیپ ٹیک کے 16 اسٹارٹ اپس کے CEOs اور بانی شخصیتوں نے اِس گول میز میٹنگ کے دوران اپنے اپنے نظریات پیش کیے اور اپنے کاموں کا ذکر کی۔ یہ اسٹارٹ اپس حفظانِ صحت، زراعت، سائبر سکیورٹی، خلا اور سماج کو بااختیار بنانے جیسے مختلف شعبوں میں کام کررہے ہیں۔

وزیر اعظم نے جوکھم بھرے قدم اُٹھانے اور بااثر طریقۂ کار تیار کرنے پر اختراع کاروں کو مبارکباد دی۔×

## VP - CEOs

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن آج نئی دلّی میں جاری انڈیا AI سمٹ 2026 میں شرکت کرنے والے CEOs اور مندوبین کے ایک گروپ سے ملے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ میٹنگ کے دوران، CEOs اور مندوبین نے حفظانِ صحت، تعلیم اور روزگار جیسے شعبوں میں، AI کے یکسر تبدیلی لانے والے امکانات کو اجاگر کیا۔

اِس کے علاوہ، CEOs نے کہا کہ بھارت، بڑے پیمانے پر AI اختراع اور اِس کے استعمال کیلئے پوری طرح تیار ہے۔

نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت AI سمٹ کی میزبانی کررہا ہے، جو ایک اہم قدم ہے، جس کا تصور وزیر اعظم نریندر مودی نے پیش کیا تھا۔

جناب رادھا کرشنن نے خاص طور پر کہا کہ اِس سمٹ کی وجہ سے ملک، AI کے عالمی منظرنامے میں ایک کلیدی کردار کا حامل بن گیا ہے۔×

## Antonio - AI Summit

اقوام متحدہ سکریٹری-جنرل انتونیو گتریس نے آج کہا ہے ک سائنس کی قیادت والی حکمرانی، ترقی کیلئے کوئی آخری قدم نہیں ہے، بلکہ اِس سے طریقۂ کار مہیا کرانے کی رفتار میں تیزی آئے گی۔

نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے سکریٹری-جنرل نے کہا کہ سائنس کی قیادت والی حکمرانی سے اُن میدانوں کی نشاندہی میں مدد ملتی ہے، جن میں مصنوعی ذہانت کے ذریعے سب سے زیادہ تیزی سے بہبود کے کام انجام دیے جاسکتے ہیں۔×

## Fadnvais AI Summit

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس نے آج کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت کی تعمیر، بااعتبار ڈیٹا، اخلاقی حکمرانی اور عوامی جوابدہی پر

مبنی ہونی چاہیے۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا AI مشن سب کی شمولیت والی، شفاف اور بڑے پیمانے پر دستیاب کرائی جانے والی ٹیکنالوجی کے استعمال کے بارے میں ہے۔ سال 2026 کو زراعت کے میدان میں خواتین کا بین الاقوامی سال قرار دیتے ہوئے جناب فڑنویس نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے طریقۂ کار، خاتون کسانوں پر توجہ دیتے ہوئے تشکیل دیے جانے چاہئیں۔×

## Shivraj India Brazil

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج نئی دِلی میں برازیل کے زراعت کے وزیر Carlos Favaro کے ساتھ ایک میٹنگ کی ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ میٹنگ کے دوران برازیل کے زراعت کے وزیر اور ان کی ٹیم کے ساتھ مفید تبادلۂ خیال ہوا ہے۔ انہوں نے کہاکہ ICAR اور اِس کے برازیلی ہم منصب، کئی شعبوں میں باہمی تعاون کریں گے۔ مرکزی وزیر زراعت نے اِس بات کو اُجاگر کیا ہے کہ برازیل نے قدرتی اور نامیاتی کاشتکاری میں گہری دلچسپی ظاہر کی ہے اور بھارت، اِن شعبوں میں برازیل کے ساتھ بات چیت کررہا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ بھارت، دالوں، تلہن کے مشن اور مربوط کاشتکاری پر تیزی سے کام کررہا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ برازیل نے بھارت میں ایک سینٹر آف Excellence قائم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

**S/B: Shivraj Singh Chouhan**

## Prez Mizoram & AP

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اروناچل پردیش اور میزورم ریاستوں کے یومِ تاسیس کے موقع پر وہاں کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ دونوں ریاستیں قدرتی خوبصورتی، مالامال ثقافتی ورثے اور کاروباری شخصیت کے حامل افراد سے آباد ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ یہ ریاستیں قومی ترقی کے تئیں اپنے عہد اور اپنی شراکت داری کے ساتھ ایک محرک ثابت ہورہی ہیں۔ ساتھ ہی، صدر جمہوریہ نے دونوں ریاستوں کے عوام کیلئے پائیدار ترقی اور خوشحالی کیلئے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔×

## Mizoram VP-PM & HM

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھا کرشنن، وزیراعظم نریندرمودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے آج میزورم کے عوام کو ان کی ریاست کے یومِ تاسیس پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ نے کہاکہ میزورم بے تحاشا قدرتی خوبصورتی اور مناظر سے مالامال ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں مختلف قسم کے نباتات اور حیوانات موجود ہیں اور یہاں جنگلاتی علاقہ وسیع پیمانے پر موجود ہے۔ اُنہوں نے بڑے پیمانے پر شرحِ خواندگی اور گوناگوں ثقافت کیلئے ریاست کی ستائش کی اور کہا کہ ریاست سماجی ترقی اور ہم آہنگی کی ایک مثال ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ میزورم کو اپنی قدرتی خوبصورتی اور ثقافتی روایات کیلئے جانا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے عوام میں ہمدردی کا جذبہ پایا جاتا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ امت شاہ نے خواہش کا اظہار کیا کہ ریاست امن، ترقی اور خوشحالی کا سفر طے کرتی رہے۔×

**Bihar - MLA Notice**

پٹنہ ہائی کورٹ نے، بہار قانون ساز اسمبلی کے 28 ارکان کو نوٹس جاری کیے ہیں اور اُن سے جواب طلب کیا ہے۔ یہ نوٹس اُن درخواستوں کے سلسلے میں جاری کیے گئے ہیں، جن میں حال ہی میں کرائے گئے اسمبلی انتخابات کے دوران، انتخابات میں بدعنوانی کے مبینہ واقعات اور اِن کے انتخابی حلف ناموں میں مبینہ تضادات پائے جانے کا الزام عائد کیا ہے۔ اِن ارکانِ اسمبلی کے خلاف 40 درخواستیں داخل کی گئی تھیں۔ یہ نوٹس جسٹس ششی بھوشن پرساد سنگھ اور جسٹس اشوک کمار پانڈے کی قیادت والی بینچوں کی طرف سے مختلف تاریخوں میں کی گئیں ابتدائی سماعتوں کے بعد جاری کیے گئے۔ اِس سلسلے میں یہ درخواستیں، اسمبلی اسپیکر پریم کمار اور ریاست کے وزیرخزانہ بجیندر پرساد یادو کے خلاف داخل کی گئی تھیں۔×

**ICC-T20 World Cup**

ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں آج سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں گروپB کے آخری میچ میں آسٹریلیا کا مقابلہ Oman سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ یہ میچ رسمی حیثیت رکھتا ہے، کیونکہ دونوں ٹیمیں پہلے ہی ٹورنامنٹ سے باہر ہوچکی ہیں۔ زمبابوے اور سری لنکا نے گروپ سے سُپر آٹھ مرحلے کیلئے پہلے ہی کوالیفائی کرلیا ہے۔ سُپر آٹھ مرحلے کے مقابلوں کا آغاز کل کولمبو کے آر پریما داسا انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں گروپ 2 کے میچ سے ہوگا، جس میں نیوزی لینڈ اور پاکستان آمنے سامنے ہوں گے۔

کل رات چینئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ-ڈی کے ایک میچ میں افغانستان نے کینیڈا کو 82 رن سے ہرادیا۔

کل ایک دوسرے میچ میں کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں گروپ-بی کے مقابلے میں زمبابوے نے سری لنکا کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔

اس سے قبل ویسٹ انڈیز نے ایڈن گارڈن میں گروپ-سی کے اپنے آخری میچ میں اٹلی کو 42 رن سے شکست دی۔×

☆☆☆☆☆